© rasailojaraid.com

جناب شفیق الدین فاروقی

# دارالعلوم کے شب وروز

**جلسہ دستار بندی وتقریب ختم بخاری شریف:** مورخہ ۱۶ ستمبر ۲۰۰۴ء کو طے شدہ پروگرام کے مطابق دارالعلوم حقانیہ میں تقریب ختم بخاری شریف اور جلسہ دستار بندی کا انعقاد ہوا۔ حسب روایت اس سال بھی اسی مبارک تقریب میں ہزاروں افراد نے شرکت کی بلکہ ایک محتاط اندازے کے مطابق حاضرین کی تعداد ایک لاکھ سے متجاوز ہوگئی تھی۔ اس موقع پر ۶۰۰ سے زائد فضلاء متخصصین اور حفاظ کرام کی دستار بندی ہوئی۔ اس دفعہ سیکورٹی کا انتظام دارالعلوم کے طلباء نے خود سنبھال رکھا تھا اور انہوں نے اپنی ڈیوٹی انتہائی احسن طریقے سے انجام دی۔ نماز ظہر کے بعد باقاعدہ تقریب کا آغاز ہوا سب سے پہلے حضرت مہتمم صاحب مدظلہ نے بخاری شریف کی آخری حدیث پر سیر حاصل خطاب فرماتے ہوئے فضلاء کو اپنی نئی ذمہ داریاں سنبھالنے کے لئے تیار رہنے کی تلقین کی۔ دارالعلوم کے نائب مہتمم استاذ حدیث حضرت مولانا حافظ انوار الحق صاحب مدظلہ نے حاضرین اور معزز مہمانوں کو خوش آمدید کہا۔ اس مبارک تقریب میں ملک کی اہم شخصیات ممبران قومی وصوبائی اسمبلی اور سینٹرز حضرات اور دیگر کئی اہم علمی اور سیاسی شخصیات نے شرکت کی۔ علاوہ ازیں ملک کے دیگر بڑے بڑے شہروں کراچی، لاہور، ملتان، بلوچستان سے بھی جید علماء تشریف لائے تھے۔ آخر میں شیخ الحدیث حضرت مولانا ڈاکٹر سید شیر علی شاہ صاحب کے دعائیہ کلمات پر اس تقریب کا اختتام ہوا۔ اس موقع پر میڈیا کا بھی ایک بڑا حصہ موجود تھا جنہوں نے اس تمام جلسہ کی رپورٹنگ کی اور پھر پی ٹی وی پر اس کو نمایاں انداز میں پیش کیا۔

**دارالعلوم کے سالانہ امتحانات** مورخہ ۱۱ ستمبر بروز ہفتہ ۲۰۰۴ء کو دارالعلوم کے تمام درجات کے سالانہ امتحانات شروع ہوئے اور ۱۵ ستمبر بروز بدھ تک جاری رہے، بحمد للہ امتحانات بخیر وخوبی اساتذہ کرام کی نگرانی میں اختتام پذیر ہوئے پھر دستار بندی وتقریب ختم بخاری شریف کے بعد بروز ہفتہ وفاق المدارس کے زیر انتظام امتحانات ہوئے اور ۴ دن جاری رہنے کے بعد ختم ہوئے۔

**دارالعلوم میں تعطیلات کے دوران دورہ تفسیر کا آغاز** مورخہ ۲۶ ستمبر بروز اتوار دارالعلوم کی جامع مسجد میں شیخ الحدیث والتفسیر حضرت مولانا ڈاکٹر سید شیر علی شاہ صاحب مدظلہ نے حسب سابق دورہ تفسیر کا آغاز کیا۔ جس میں تقریباً ایک ہزار کے لگ بھگ طلباء اور عوام شرکت کی سعادت حاصل کر رہے ہیں۔ اسکے علاوہ ایف ایم ریڈیو پر بھی علاقے بھر کے عوام کو یہ سہولت فراہم کی گئی ہے کہ وہ گھروں میں بیٹھ کر ترجمہ وتفسیر سننے کی سعادت حاصل کر رہے ،

© rasailojaraid.com